1989ء سے مسلسل اشاعت | 13 تا 19 جنوری 2023 | شمارہ نمبر 3 | جلد نمبر 35

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

**FAIR TRADE** (Pvt) Limted

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
| --- | --- |
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل





BMG

بزنس مین گروپ

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

کل بھی تھا - آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper products

IBM™
PAKISTAN




**SELF ADHESIVE STICKER PAPER**
**INDONESIA**

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS




IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER




SINAR SPECTRA
premium colour paper




spectra color
premium color paper

## PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA, PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE, PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

## CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



## QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS COLOR PAPER

Sinar Tech



SINAR SPECTRA
COLOR CUBE



## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
**پیپر بزنس** کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

**پبلشر حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے



**رابطہ آفس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com



**بانی: محمد رؤف**

**ایڈیٹوریل بورڈ**

پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**

قیمت: 100 روپے

سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/C-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960


# پیپر و پیپر بورڈ کے درجنوں کنٹینرز بندرگاہوں پر پھنس گئے۔ ایل سیز بھی نہیں کھل رہیں

## بینکوں کی جانب سے ڈالر کی عدم فراہمی۔ ڈیمرج چارجز کی مد میں لاکھوں روپے فی کنٹینر بھرنا پڑے گا۔ لاگت میں اضافہ ہوجائے گا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈالر کی قلت سے جو 6 ہزار کنٹینرز بندرگاہوں پر پھنس گئے ہیں ان میں کروڑوں کی مالیت کے پیپر و پیپر بورڈ کے درجنوں کنٹینرز بھی شامل ہیں۔ پیپر و بورڈ کے درآمد کنندگان کو ان کنٹینرز پر شپنگ کمپنیوں کو لاکھوں روپے فی کنٹینر ڈیٹنشن اور ڈیمرج چارجز ادا کرنا پڑیں گے جس سے پیپر و پیپر بورڈ کی لاگت میں اضافہ ہوگا۔ اگر ان کنٹینرز کو ریلیز نہ کیا گیا تو آئندہ دنوں میں رسد و قیمتوں کا نیا بحران پیدا ہو جائے گا۔ پیپر و پیپر بورڈ کی نمائندہ تنظیم آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے اس صورت حال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسٹیٹ بینک سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ بینکوں کو ایل سیز کے مطابق ادائیگی کے فوری احکامات جاری کرے۔ انہوں نے کہا کہ بندرگاہ پر طویل دورانیے تک کنٹینرز رکنے سے پرنٹنگ انڈسٹری کو بحران کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ جبکہ ڈیٹینشن اور ڈیمرتج چارجز کا بوجھ بھی بڑھتا جا رہا ہے، ملک میں پہنچنے والے پیپر و پیپر بورڈ کی مالیت اربوں ڈالر ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کاروبار مشکل ہو گیا ہے، اشیا مہنگی ہو رہی ہیں، لہٰذا بحران سے بچنے کیلئے حکومت فوری ڈالر کی فراہمی کے حوالے سے اقدامات کرے، مزید برآں پیپر و پیپر بورڈ کے درآمد کنندگان کو بھی نئی ایل سیز کھولنے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے اور بینک ایل سیز کھولنے کے لیے بھی تیار نہیں ہیں جس کی وجہ سے بھی آئندہ دنوں میں پیپر و پیپر بورڈ کی قلت کا سامنا ہو سکتا ہے۔

# آفسیٹ پیپر، بلیچ بورڈ اور آرٹ کارڈ کے ہر کنسائنمنٹ کا ایگزامینیشن اور لیبارٹری ٹیسٹ جاری

کراچی (پیپر بزنس نیوز) معلوم ہوا ہے کہ کسٹم حکام متعدد بار احتجاج اور ممبر کسٹم اور چیف کلکٹر کو توجہ دلانے کے باوجود آفسیٹ پیپر، بلیچ بورڈ اور آرٹ کارڈ (HS4810.9200,1900,9900) کے ہر کنسائنمنٹ کا ایگزامینیشن اور لیبارٹری ٹیسٹ کروا رہے ہیں جس سے درآمد کنندگان کو غیر ضروری طور پر ڈیمرج اور ڈیٹنشن چارجز شپنگ کمپنیز کو ادا کرنے پڑ رہے ہیں۔ اس سلسلے میں آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے ایک بار پھر ممبر کسٹم، چیف کلکٹر کسٹم اپریزمنٹ، کلکٹر کسٹمز ایسٹ اور ویسٹ کی توجہ اس جانب مبذول کرائی ہے کہ گزشتہ ماہ اے ڈی سی ایسٹ مشتاق علی شایانی سے ملاقات کی تھی جس میں انہوں نے بتایا کہ چند شکایات کے باعث کسٹم نے ان آئٹمز کو ریڈ زون میں منتقل کر دیا ہے اور ان کی سو فیصد ایگزامینیشن اور لیبارٹری ٹیسٹ ہوگا اور کسٹم اس کارروائی میں اب تک 50-40 سے زائد لیب ٹیسٹ کر چکی ہے اور اس بات کی تصدیق ہوئی ہے کہ ٹیسٹ رپورٹ اور ڈیکلیریشن میں کوئی تضاد نہیں ہے اور وہ شکایات کنندگان کو شٹ اپ کال دیں گے، لیکن اب تک اس پر عملدرآمد نہیں ہوا ہے اور صورت حال جوں کی توں برقرار ہے۔ اپیما نے اپنے خط میں کہا ہے کہ ان آئٹمز کو ریڈ زون میں کلیرنس جاری رکھنے کا اب کوئی جواز باقی نہیں رہا ہے اور اس کی وجہ سے پیپر بورڈ جو کہ ایک خام مال ہے غیر ضروری طور پر عرصہ تک باہر پڑا رہتا ہے اور اپیما نے ان حکام سے درخواست کی ہے کہ وہ بتائیں کہ اس ریڈ زون میں رکھنے کا کیا فائدہ ہوا ہے لہٰذا اس مسئلے کو فوری حل کیا جائے۔ اس سلسلے میں اپیما نے ملاقات کے لیے وقت بھی مانگ لیا ہے۔

## مٹسوبشی پیپر کا یکم فروری سے قیمتوں میں 9 فیصد تک اضافہ کا اعلان

کراچی (پیپر بزنس نیوز) جاپان کی مٹسوبشی ہائی ٹیک پیپر یورپ نے اپنی تمام اقسام کے پیپر و پیپر بورڈ کی قیمتوں میں 7 تا 9 فیصد اضافہ کا اعلان کر دیا ہے جس کا اطلاق یکم فروری 2023 سے ہو رہا ہے۔ کمپنی کے اعلامیہ کے مطابق کیمیکل، پلپ اور اشیا کی ترسیلی لاگت میں حالیہ دنوں ہونے والے اضافے کے باعث ناگزیر تھا۔ اعلامیہ کے مطابق کوٹڈ پیپر میں خاص طور پر تھرمو اسکرپٹ، جیٹ اسکرپٹ، جی رو فارم، سپر کوٹ اور بیری کوٹ شامل ہیں۔ ان قیمتوں کے حوالے سے سیلز نمائندے اپنے صارفین سے رابطہ کر رہے ہیں۔

# اپیما کے ممبران کو ممبر شپ کی تجدید کرانے کی ہدایت

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے تمام ممبران کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنی ممبر شپ کی تجدید 31، مارچ 2023 تک کروالیں تاکہ انہیں ممبر شپ کے حوالے سے کسی بھی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ کے تحت ممبر شپ کی تجدید کرانے کی آخری تاریخ 31، مارچ مقرر ہے۔ سالانہ ممبر شپ کی تجدید کے حوالے سے پہلے ہی ممبران کو بل ارسال کیے جا چکے ہیں جن میں ممبران کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ سال 2023-24 کے لیے اپنی سالانہ ممبر شپ کی تجدید کے عمل کو مقررہ تاریخ تک مکمل کرلیں۔ ممبر شپ کی تجدید کے لیے مقررہ فیس کے ہمراہ انکم ٹیکس ریٹرن جمع کرانا لازمی ہوگا۔ ایسوسی ایٹ کلاس کی ممبر شپ فیس 1000 روپے اور کارپوریٹ کلاس کی فیس 2500 روپے، جبکہ ممبر شپ کارڈ کے لئے 200 روپے علیحدہ سے ادا کرنے ہوں گے۔









یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# لاہور چیمبر میں نیشنل ٹیرف کمیشن ہیلپ ڈیسک کا افتتاح

لاہور (بزنس ڈیسک) چیئر پرسن نیشنل ٹیرف کمیشن انجم اسد امین اور لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر کاشف انور نے لاہور چیمبر میں این ٹی سی ہیلپ ڈیسک کا افتتاح کر دیا۔ لاہور چیمبر کے سینئر نائب صدر چوہدری ظفر محمود، نائب صدر عدنان خالد بٹ، ڈائریکٹر این ٹی سی محمد ارشد اور ایل سی سی آئی کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین بھی اس موقع پر موجود تھے۔ اس موقع پر چیئر پرسن نیشنل ٹیرف کمیشن انجم اسد امین نے کہا کہ لاہور چیمبر میں این ٹی سی ہیلپ ڈیسک تاجر برادری اور نیشنل ٹیرف کمیشن آف پاکستان کے درمیان ہاٹ لائن کے طور پر کام کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ چارٹر آف اکانومی ملک کے معاشی استحکام کی طرف پہلا قدم ہوگا اس لیے اس حوالے سے عملی اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل ٹیرف کمیشن ایک ایکٹ کے تحت کام کر رہا ہے اور اس کی حیثیت جیوڈیشل ہے کیونکہ یہ تحقیقات کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب کوئی شخص بیرون ملک سے پاکستان کو برآمد کرتا ہے تو این ٹی سی تحقیقات کے بعد تمام حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈیوٹی عائد کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈبلیو ٹی او نے یہ لازمی قرار دیا ہے کہ جب آپ عالمی تجارت پر ٹیرف لگاتے ہیں تو آپ کو مکمل چھان بین کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ این ٹی سی کا بنیادی کام اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی لگانا، ڈیٹا بینک بنانا اور اس کا تجزیہ کرنا ہے۔ چیئر پرسن این ٹی ڈی سی نے کہا کہ محکمہ کا کردار حکومت کو ٹیرف پر مشورہ دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل ٹیرف پالیسی 2019 میں پانچ سال کے لیے متعارف کرائی گئی۔ پہلے یہ کام ایف بی آر کر رہا تھا اور این ٹی سی نے 2019 کے بعد یہ کام شروع کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمارا ٹیرف ایشیا میں سب سے زیادہ ہے۔ قومی ٹیرف پالیسی کو ٹیرف کی ریشنلائزیشن اور مسابقت کی طرف بڑھنے کے لیے متعارف کرایا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ پالیسی کے چار مقاصد ہیں۔ پہلا ہے زیادہ سے زیادہ مسابقت، دوسرا روزگار کی فراہمی، تیسرا پرائس انفراسٹرکچر اور صارفین کی بہبود اور چوتھا ٹیرف کی بے ضابطگیوں کو دور کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ این ٹی سی جلد ہی پہلی پیٹرو کیمیکل پالیسی جاری کر رہی ہے اور اس شعبے میں بہت بڑی سرمایہ کاری آ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت جو ڈیوٹیاں لگائی جا رہی ہیں وہ این ٹی سی کا مینڈیٹ نہیں بلکہ مشکل وقت کی وجہ سے ہمیں یہ ڈیوٹی لگانی پڑ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیرف کے تعین کے لیے ٹیرف پالیسی بورڈ تشکیل دیا گیا ہے۔ اس کے سربراہ وزیر تجارت ہیں اور اس کی باڈی میں سیکرٹری کامرس، سیکرٹری بی او آئی، سیکرٹری خزانہ، چیئرمین ایف بی آر اور چیئرمین این ٹی سی شامل ہیں۔ لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور نے کہا کہ سیاسی استحکام معاشی ترقی کا کلیدی عنصر ہے اس لیے سیاسی جماعتوں کو چاہیے کہ وہ ملکی مفادات کے تحفظ کے لیے قومی مسائل پر پختگی کا مظاہرہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سیاسی غیر متوقع صورتحال کا شکار ہے اسی وجہ سے غیر ملکی سرمایہ کار ہمیشہ پاکستان میں سرمایہ کاری کرنے سے گریزاں رہتے ہیں۔ لاہور چیمبر کے صدر نے کہا کہ ایمنسٹی بہت اہم ہے کیونکہ اس سے غیر ڈیکلیئر شدہ رقم معاشی سرکل میں آئے گی۔ انہوں نے این ٹی سی سے درخواست کی کہ ان خام مال پر ڈیوٹی اور ٹیکس کو معقول بنایا جائے جو ملک میں پیدا نہیں ہو رہے یا مطلوبہ ضروریات پوری کرنے کے قابل نہیں ہیں۔ بندرگاہوں پر کنٹینرز کے پھنسے ہونے کے بارے میں ایل سی سی آئی کے صدر نے کہا کہ کیا بندرگاہوں کو بانڈز کا درجہ دے دیا جائے تاکہ تاجروں کو ڈیمرج اور ڈیٹینشن چارجز سے نجات مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور چیمبر نے اپنے اراکین کی سہولت کے لیے مختلف طبی اور تعلیمی اداروں کے ساتھ ایم او یوز پر دستخط بھی کیے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ معاشی استحکام کے لیے سیاسی استحکام بہت ضروری ہے۔ لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور نے کہا کہ ٹریفک پولیس، نادرا، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، سمیڈا، ایف بی آر، لیسکو، آئی پی او، ایکسپورٹ فیسیلیٹیشن اینڈ کمپلینٹ سیل، پاسپورٹ، پولیس، ٹورازم اور محتسب کے مراکز پہلے ہی تاجر برادری کو بے مثال خدمات فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر کاروبار بڑھیں گے تو معیشت ترقی کرے گی کیونکہ دونوں ایک دوسرے سے بہت زیادہ جڑے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لاہور چیمبر طویل عرصے سے ون ونڈو کی سہولت کی وکالت کر رہا ہے تاکہ مختلف ذمہ داریوں کو پورا کیا جا سکے۔

## عالمی معیشت میں کساد بازاری خطرناک حد تک ہونے کا امکان

واشنگٹن (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) عالمی بینک نے شدید مہنگائی، بڑھتی شرح سوُد اور روس کے یوکرین کے حملے کے تناظر میں معاشی پیشگوئی جاری کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ 2023ء میں عالمی نمو سست روی کا شکار ہو کر ''خطرناک حد تک'' کساد بازاری کے قریب تر رہنے کا امکان ہے۔ ماہرین معیشت نے خبردار کیا ہے کہ عالمی معیشت میں زوال کا خطرہ ہے، کئی ممالک اشیاء کی بڑھتی قیمتوں کا سامنا کر رہے ہیں جبکہ مرکزی بینکوں نے طلب کو کم کرنے کیلئے شرح سوُد میں بیک وقت اضافہ کر دیا ہے، جس سے مالی صورتحال ایک ایسے موقع پر خراب تر ہو رہی ہے جب یوکرین میں جنگ کی وجہ سے انتشار پھیلا ہوا ہے۔ پیشگوئی میں خصوصی طور پر غریب ملکوں کیلئے تباہ کن صورتحال کی نشاندہی کی گئی ہے جہاں غربت کے خاتمے کیلئے کیے جانے والے اقدامات پہلے ہی صفر کی سطح پر آ چکے ہیں۔ ورلڈ بینک کے صدر ڈیوڈ مالپاس کا کہنا ہے کہ ابھرتی ہوئی اور ترقی پذیر معیشتوں کو سست نمو کے ساتھ بھاری قرضوں کے بوجھ اور کمزور سرمایہ کاری کا بھی سامنا ہے۔ ورلڈ بینک کی تازہ ترین پیشگوئی میں معیشت کے گہرے اور شدید زوال کی طرف اشارہ کیا گیا ہے، اور بینک کے گلوبل اکنامک پروسپیکٹ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ شرح نمو کم ہو کر 1.7 رفیصد تک جائے گی۔

## کے سی سی آئی کی دکانوں کے اوقات رات 10 بجے تک کرنے کی اپیل

کراچی (بزنس ڈیسک) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے صدر محمد طارق یوسف نے دکانداروں، ریسٹورنٹس اور شادی ہالز کے مالکان کے ساتھ متعدد ملاقاتوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ دکانوں، شادی ہالز اور ریسٹورینٹ وغیرہ کو جلد بند کرنے کا فیصلہ ناقابل عمل ہے بالخصوص کراچی جیسے شہر میں جہاں کا کاروباری مزاج پاکستان کے باقی حصوں سے مختلف ہے لہذا اس شہر کے ساتھ اس کے مزاج کے مطابق سلوک کیا جائے۔ ایک بیان میں صدر کے سی سی آئی نے کہا کہ تاجر برادری بڑھتے ہوئے گردشی قرضوں سے نمٹنے کے لیے توانائی کے تحفظ کے اقدامات کرنے کی ضرورت کو بخوبی سمجھتی ہے لیکن دکانیں، ریسٹورنٹس اور شادی ہال جلدی بند کرنے کا فیصلہ کراچی شہر میں مکمل طور پر ناکامی سے دوچار ہوگا جہاں کاروباری سرگرمیاں دوپہر میں شروع ہوتی ہیں جبکہ خریداری میں تیزی کے اوقات شام 7 بجے سے رات 10 بجے کے درمیان ہوتے ہیں لہٰذا صدر کے سی سی آئی نے حکومت سے پرزور اپیل کی کہ دکانیں جلد بند کرنے کے بجائے رات 10 بجے تک کام کرنے کی اجازت دی جائے جبکہ شادی ہالز اور ریسٹورنٹس کو بھی رات 11 بجے تک اپنا کاروبار کرنے کی اجازت دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں بھی ایسا ہی فیصلہ کیا گیا تھا جب کاروبار کا وقت کم کر کے رات 8 بجے کیا گیا جس کی وجہ سے بہت سے کاروبار دیوالیہ ہو گئے تھے۔ اس لیے اس وقت کی حکومت نے اوقات کار رات 10 بجے تک بڑھائے اور اس کی تصدیق ماضی میں جاری کردہ متعلقہ نوٹیفکیشنز سے کی جا سکتی ہے۔ ہمیں تاریخ کو دہرانے کی ضرورت نہیں ہے جو کہ ایک فضول مشق ثابت ہوگی لہٰذا قانون سازوں سے گزارش ہے کہ کاروبار اور معیشت کو مزید پریشانیوں سے بچائیں۔ صدر کے سی سی آئی نے دکانوں اور ریسٹورنٹس کے کاروبار کے اوقات میں کمی کے تباہ کن اثرات کو مدنظر رکھتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وزیر اعظم شہباز شریف اور ان کی ٹیم تاجر برادری کی درخواست کا نوٹس لیں گے اور کاروباری اوقات بڑھانے کے لیے ہدایات جاری کریں گے کیونکہ کاروباری اوقات میں کمی نہ صرف کاروبار بلکہ معیشت کے لیے بھی تباہ کن ثابت ہوگی۔

## فینسی پیپر مارٹ ناظم آباد کے راحیل کی والدہ انتقال کر گئیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) میسرز فینسی پیپر مارٹ، ناظم آباد کے راحیل کی والدہ 7 جنوری 2023 کو رضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

CPP Services Private Limited

联强集团 UPG UP GROUP

World Re-known Brands which are under
Our Belt and their Product Line.

| Brand | Product Line |
|---|---|
| YU YIN | Automatic Die Cutting<br>Foil Printing Machines |
| accura | High-end Slitting & Sheeting Machines |
| FANGBANG | Roll Fed Paper Bag Machines<br>Sheet Fed Paper Bag Machines |
| DLG 德拉根<br>上海德拉根印刷机械有限公司<br>SHANGHAI DRAGON PRINTING MACHINERY CO.,LTD. | Automatic Spot UV Machines<br>Water Base Coating Machines<br>Folder Gluer Machines |
| HHM | High-end Folder Gluer |
| GUOWEI<br>浙江国威智能设备有限公司<br>Zhejiang Guowei Intelligent Equipment Co., Ltd. | Sheeting Machines<br>Guillotine Cutting Machines |
| SHENGTIAN® 盛田 | Flute Laminator &<br>Thermal Lamination Machines<br>Water Base Lamination Machines |
| GMB 光明 GUANGMING | Thermal Lamination Machines |
| HS MACHINE | Narrow Web Label Printing Machines<br>Plain Label Rotary & Flat Bed Die Cuting Machines<br>& Slitting Machines |

Plot no 18, Sector 26, Industrial Area Korangi, Karachi - Pakistan.

+92-21-35070785-8 Email:info@cpp.com.pk www.cpp.com.pk



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# کاغذ مارکیٹ: ''روزنئی قیمت، خوف اور بے یقینی کا ماحول''

ڈالر کی بڑھتی ہوئی قیمت اور پاکستانی روپے کی قدر میں کمی کی وجہ سے گذشتہ آٹھ ماہ کے دوران پرنٹنگ پیپر کی قیمت میں تقریباً 200 فیصد اضافہ ہوا ہے، جس سے کراچی میں اس کاروبار سے وابستہ افراد پریشان ہیں۔ پریس مشین کے شور سے گونجتے ہوئے ایک مدھم روشنی والے کمرے میں، نوجوان ملازمین نے جلدی سے شادی کے کارڈز کو جوڑا اور پیک کر دیا۔ان میں سے اکثر پریشان تھے۔ان کی ورکشاپ کراچی کے علاقے پاکستان چوک میں واقع ہے۔ یہ ایک ایسا علاقہ ہے، جو کبھی پرنٹنگ پریس کے بہت بڑے کاروبار کے لیے مشہور تھا لیکن آج یہاں زیادہ تر مشینیں پڑی ہیں



اور ہزاروں ملازمین کو غیر یقینی مستقبل کا سامنا ہے۔ پاکستان چوک میں زیادہ تر ملازمین نے عرب نیوز کو انٹرویو دیتے ہوئے بتایا کہ چونکہ بین الاقوامی کرایوں میں اضافے اور پاکستانی کرنسی کے اتار چڑھاؤ کی وجہ سے گذشتہ آٹھ ماہ کے دوران پرنٹنگ پیپر کی قیمت میں تقریباً 200 فیصد اضافہ ہوا ہے، لہذا انہیں خدشہ ہے کہ وہ ہی یہاں سے بے روزگار ہو جائیں گے۔ پریس مالکان کا بھی کہنا ہے کہ کاغذ کی بڑھتی ہوئی قیمت اور مانگ میں کمی کی وجہ سے دعوت ناموں اور وزیٹنگ کارڈز کے ساتھ ساتھ کتابوں کی چھپائی کا کاروبار بھی آدھا رہ گیا ہے۔ پاکستان اپنی کاغذی ضروریات کا 90 فیصد مقامی طور پر پورا کرتا ہے لیکن خام مال یعنی پلپ درآمد کیا جاتا ہے۔ درآمد شدہ کاغذ پر بھی مختلف ٹیکسز لگائے گئے ہیں۔آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے سینیئر وائس چیئرمین محمد انیس نے عرب نیوز کو بتایا کہ 'جب ڈالر اور روپے کے درمیان بڑھتی ہوئے تفاوت اور کرایوں کی وجہ سے درآمدی آفسیٹ پرنٹنگ پیپر کی قیمتوں میں اضافہ ہوا تو مقامی ملوں نے بھی قیمتیں بڑھا دیں۔' انہوں نے کہا کہ کاغذ کی بڑھتی ہوئی قیمت پرنٹنگ پریس کے مالکان، ملازمین، پبلشرز، فروخت کنندگان اور شہریوں کو یکساں طور پر متاثر کر رہی ہیں۔ بجلی کے زیادہ نرخ اور بڑھتی ہوئی اجرت بھی پرنٹنگ کے کاروبار کے زوال کا سبب بن رہی ہے، مالکان اب معمولی منافعے پر گزارا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ پاکستان سمال پرنٹنگ پریس ایسوسی ایشن کے جنرل سیکریٹری محمود حامد نے کہا کہ کاغذی مارکیٹ تقریباً سونے کی طرح برتاؤ کر رہی ہے۔ 'ہر روز نئی قیمتیں ہوتی ہیں۔۔۔ بے یقینی اور خوف کا ماحول ہے۔' انہوں نے کہا کہ 'ہماری کاروباری سرگرمیوں میں 40 فیصد کمی آئی ہے۔ ہماری ذمہ داریاں بڑھ رہی ہیں۔ یہ صرف مزدور ہی نہیں ہیں جو تکلیف میں ہیں۔ مالکان کے لیے بھی (کاغذ کی) بڑھتی ہوئی قیمتوں اور گھٹتے ہوئے کاروبار کے ساتھ قدم ملا کر چلنا مشکل ہو رہا ہے۔' مسلسل بڑھتے ہوئے افراط زر نے اس جنوبی ایشیائی ملک کی معیشت پر شدید دباؤ ڈالا ہے، جو غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر میں کمی، گرتی ہوئی اور غیر مستحکم کرنسی کے ساتھ ساتھ بڑھتے ہوئے کرنٹ اکاؤنٹ خسارے سے بھی دوچار ہے۔ محمد انیس نے کہا: 'یہ اب بہت تکلیف دہ صورت حال ہے، بالخصوص چھوٹے بچوں کے والدین کے لیے۔' سکول کورس کی کتابوں کے ساتھ ساتھ دیگر تعلیمی مواد کے ایک مکمل سیٹ کی اوسط قیمت جو پہلے چار ہزار سے پانچ ہزار تھی، اب بڑھ کر 12 سے 15 ہزار ہو گئی ہے۔ یہ 200 فیصد اضافہ ہے۔ کچھ درسی کتابیں اب بھی بازار میں دستیاب نہیں ہیں، حالانکہ کچھ عرصہ قبل تعلیمی سال شروع ہو چکا ہے۔ پاکستان چوک کے قریب واقع کراچی کے مشہور اردو بازار میں کچھ فروخت کنندگان کا کہنا ہے کہ وہ کام کے متبادل مواقع تلاش کر رہے ہیں اور اپنے کاروبار کو بند کرنے کا سوچ رہے ہیں۔انہوں نے بتایا: 'میں روزانہ سات سو روپے کماتا ہوں اور اسی دن خرچ کر لیتا ہوں، میرے سبھی بچے فیملی کی آمدنی بڑھانے کے لیے کام کرتے ہیں۔ پھر بھی، میں مستقبل کے بارے میں فکر مند ہوں کیوں کہ ہمیں زیادہ کام نہیں مل رہا اور میرے بچوں کی آمدنی بھی کم ہو گئی ہے۔ کبھی کبھی ہمیں کھانا بھی کم ملتا ہے۔' اگرچہ کاروباری مالکان کا کہنا ہے کہ وہ مشکلات کا شکار ملازمین کے ساتھ ہمدردی رکھتے ہیں، لیکن ان کے پاس اپنے مزدوروں کی بڑھتی ہوئی مالی ضروریات کا بوجھ اٹھانے کے وسائل نہیں۔آل پاکستان آرگنائزیشن آف سمال ٹریڈرز اینڈ کاٹیج انڈسٹری کے جنرل سیکرٹری محمد عثمان شریف نے کہا کہ 'ہمارا کاروبار صرف 50 فیصد رہ گیا ہے۔ شادی کارڈ کی چھپائی کی لاگت جو پہلے 20 روپے ہوا کرتی تھی، اب 80 روپے ہو گئی ہے۔ بہت سے لوگ پہلے ایک ہزار شادی کارڈ لیتے تھے، لیکن اب ہمارے زیادہ تر گاہک صرف ایک سو یا دو سو کارڈ کا کہتے ہیں۔' پاکستان سمال پرنٹنگ پریس ایسوسی ایشن سے تعلق رکھنے والے محمود حامد نے مزید کہا کہ 'پرنٹنگ کا کاروبار سکڑ گیا ہے۔ ظاہر ہے کہ کوئی بھی مناسب کام کے بغیر مزدوری نہیں دے گا۔ مجھے لگتا ہے کہ 20 سے 25 فیصد مزدور پہلے ہی اپنا ذریعہ معاش کھو چکے ہیں۔ (خلیجی اخبار عرب نیوز سے اقتباس)



یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# اکتوبر۔دسمبر 2022: نیویا میں 10، OJI اور ایل ڈبلیوسی میں 5 روپے کلو کی کمی ریکارڈ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 2022 کی آخری سہ ماہی اکتوبر۔ دسمبر میں 2021 کے مقابلے میں نیویا۔ اوجے آئی اور ایل ڈبلیوسی کی قیمتوں میں مندی کا رجحان رہا اور نیویا آرٹ پیپر چائنا کی قیمتوں میں دس روپے کلو کی کمی ہوئی جو 365 سے کم ہوکر 355 روپے کلو ہوگئیں جبکہ جاپان کے اوجے آئی اور ایل ڈبلیوسی کی قیمتیں 370 روپے کلو سے کم ہوکر 365 روپے کلو ہوگئی ہیں۔ اس طرح آرٹ پیپر دیگر پیپر کے مقابلے میں دباؤ میں رہا۔ واضح رہے کہ 2021 چائنا کے نیویا کوٹڈ پیپر کے درآمد کنندگان کے لئے قیمتوں کے لحاظ سے نہایت شاندار رہا تھا۔ 2022 کی پہلی سہ ماہی میں 12 روپے کلو اضافہ دیکھنے میں آیا تھا۔ دوسری سہ ماہی میں نیویا میں 45، اوجے آئی میں 70 اور ایل ڈبلیوسی میں 105 روپے کا اضافہ ہوا تھا لیکن تیسری سہ ماہی میں قیمتوں میں اضافے کا رجحان برقرار رنہ رہا تھا اور قیمتوں میں 15 روپے فی کلو تک اضافہ ہوا تھا جو 365 روپے کلو تک پہنچ گئی تھیں۔ جبکہ OJI اور ایل ڈبلیوسی میں یہ اضافہ صرف 5 روپے کلو ریکارڈ کیا گیا تھا اور ان کی قیمتیں 375 روپے کلو ہوگئی تھیں۔ ذیل میں چوتھی سہ ماہی میں ہونے والی قیمتوں کا تقابلی جائزہ دیا جارہا ہے۔

## Prices Trend in October-December-2022 (Per Kg Rates)
## Imported **COATED ART PAPER China and Japan**

| NEVIA GLOSS | | OCT-2022 | | | | NOV-2022 | | | | DEC-2022 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 7-Oct | 14 | 21 | 28 | 4 | 11 | 18 | 25 | 2 | 9 | 16 | 23 | |
| All Size | 80 | 365 | 355 | 355 | 358 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 355 | ( - 10 ) |
| All Size | 90 | 365 | 355 | 355 | 358 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 355 | ( - 10 ) |
| All Size | 100 | 365 | 355 | 355 | 358 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 355 | ( - 10 ) |
| All Size | 105 | 365 | 355 | 355 | 358 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 355 | ( - 10 ) |
| All Size | 113 | 365 | 355 | 355 | 358 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 355 | ( - 10 ) |
| All Size | 128 | 365 | 355 | 355 | 358 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 355 | ( - 10 ) |
| All Size | 150 | 365 | 355 | 355 | 358 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 355 | ( - 10 ) |

| NEVIA MATT | | OCT-2022 | | | | NOV-2022 | | | | DEC-2022 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 7-Oct | 14 | 21 | 28 | 4 | 11 | 18 | 25 | 2 | 9 | 16 | 23 | |
| All Size | 80 | 365 | 355 | 355 | 358 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 355 | ( - 10 ) |
| All Size | 90 | 365 | 355 | 355 | 358 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 355 | ( - 10 ) |
| All Size | 100 | 365 | 355 | 355 | 358 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 355 | ( - 10 ) |
| All Size | 105 | 365 | 355 | 355 | 358 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 355 | ( - 10 ) |
| All Size | 113 | 365 | 355 | 355 | 358 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 355 | ( - 10 ) |
| All Size | 128 | 365 | 355 | 355 | 358 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 355 | ( - 10 ) |
| All Size | 150 | 365 | 355 | 355 | 358 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 350 | 355 | ( - 10 ) |

| OJI JAPAN | | OCT-2022 | | | | NOV-2022 | | | | DEC-2022 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 7-Oct | 14 | 21 | 28 | 4 | 11 | 18 | 25 | 2 | 9 | 16 | 23 | |
| All Size | 80 | 370 | 370 | 355 | 370 | 370 | 370 | 365 | 365 | 365 | 365 | 365 | 365 | ( - 5 ) |
| All Size | 104 | 370 | 370 | 355 | 370 | 370 | 370 | 365 | 365 | 365 | 365 | 365 | 365 | ( - 5 ) |
| All Size | 113 | 370 | 370 | 355 | 370 | 370 | 370 | 365 | 365 | 365 | 365 | 365 | 365 | ( - 5 ) |
| All Size | 128 | 370 | 370 | 355 | 370 | 370 | 370 | 365 | 365 | 365 | 365 | 365 | 365 | ( - 5 ) |

| LWC JAPAN | | OCT-2022 | | | | NOV-2022 | | | | DEC-2022 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 7-Oct | 14 | 21 | 28 | 4 | 11 | 18 | 25 | 2 | 9 | 16 | 23 | |
| All Size | 60 | 370 | 370 | 355 | 370 | 370 | 370 | 365 | 365 | 365 | 365 | 365 | 365 | ( - 5 ) |




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

## کاروباری مواقع
## TENDERS

### میٹرولوجیکل ڈپارٹمنٹ کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 2(2022-23)

فوٹو اسٹیٹ پیپر امپورٹڈ A4، اور لیگل سائز، تعداد: 300 ریم

کمپیوٹر کنٹینیوس شیٹ (80 کالمز) و تعداد: 50 باکسز

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: یکم فروری 2023ء

برائے رابطہ: میٹرولوجیکل کمپلیکس، یونیورسٹی روڈ، کراچی۔

فون: 021-99261425

### ایف بی آر کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 20 جنوری 2023ء

برائے رابطہ: اکاؤنٹس برانچ، لارج ٹیکس پیئرز آفس، 10۔ بابر بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور۔

فون: 042-99213818

### فیلڈ ونگ ایگریکلچر کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: DGA(F)ADP/2022-23/06

پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 350 ریم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 24 جنوری 2023ء

برائے رابطہ: کیشیئر، ڈائریکٹوریٹ جنرل ایگریکلچر، 21۔ ڈیوس روڈ، لاہور۔

فون: 042-99200763

### QESCO کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 25 جنوری 2023ء

برائے رابطہ: ڈپٹی مینیجر (اے اینڈ ایس) آفس، کمرہ نمبر 20، کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی، کوئٹہ۔

### شیخ زید میڈیکل انسٹی ٹیوٹ کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 28 جنوری 2023ء

برائے رابطہ: اکاؤنٹس آفس، لاہور۔

فون: 042-35912229-35912306-8EXT:2731

### ورکرز ویلفیئر بورڈ کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 17 جنوری 2023ء

برائے رابطہ: ایڈمنسٹریٹیو آفس، 8th فلور، میرائن فیصل بلڈنگ، 10-A، بلاک ۔6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی۔

فون: 021-34548137

### اسٹیٹ لائف کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: Stationary/P&GS/PSH/001/2023

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 25 جنوری 2023ء

برائے رابطہ: کنوینر/انچارج (پی اینڈ جی ایس)، زونل پروکیور منٹ کمیٹی، اسٹیٹ لائف بلڈنگ، تیسری منزل، 34۔ دی مال، پشاور کینٹ۔ فون: 091-9211588/9211576-79

### NADRA کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: NADRA/HQ/RFB/08/2023

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 30 جنوری 2023ء

برائے رابطہ: پروکیورمنٹ ڈپارٹمنٹ، نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی، ریجنل ہیڈ کوارٹر بلڈنگ، گراؤنڈ فلور، 30۔ ماؤ ایریا، G-10/4، اسلام آباد۔

فون: 051-90392868

### پبلک سیکٹر ادارے کو پیپر درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 59/2022

پیپر A4 سائز، امپورٹڈ 80 گرام۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 31 جنوری 2023ء

برائے رابطہ: ہیڈ پروکیورمنٹ، پی او بکس نمبر 1482، اسلام آباد۔

فون: 051-9248801-7EXT:3631-3633

### NUMS یونیورسٹی کو پرنٹنگ خدمات درکار

آنسر بک اور شیٹ کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 17 جنوری 2023ء

برائے رابطہ: ڈائریکٹوریٹ پروکیورمنٹ، پی ڈبلیو ڈی پولیس فاؤنڈیشن، B۔ بلاک، راولپنڈی۔

فون: 051-5170568

### پنجاب ایجوکیشن اتھارٹی کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: PEIMA/Proc/2022-23/Stationery

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 جنوری 2023ء

برائے رابطہ: اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایچ آر اینڈ ایڈمن) آفس، 50۔ بابر بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، کراچی۔

فون: 042-99232040

### COMSATS کا اسٹیشنری و پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: CUI-LHR-TN-23-1638

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 18 جنوری 2023ء

برائے رابطہ: پرچیز آفس، ڈیفنس روڈ آف رائیونڈ روڈ، لاہور۔

فون: 042-111001007EXT:875

### نواب شاہ انٹر بورڈ کا پرنٹنگ و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: BISE/Store/SBA/542

امتحانی میٹریل اور آنسر اسکرپٹ کی پرنٹنگ و دیگر اسٹیشنری آئٹمز

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 18 جنوری 2023ء

برائے رابطہ: سیکریٹری آفس، بے نظیر آباد، نوابشاہ۔

فون: 0244-362525

### انوائرنمنٹ پروٹیکشن ڈپارٹمنٹ کو پرنٹنگ خدمات درکار

لارج اسکیل ڈاکومنٹس اور کمیونی کیشن میٹریل کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 17 جنوری 2023ء

برائے رابطہ: ڈائریکٹر آفس، پانچویں منزل، ایوان اقبال کمپلیکس، بلڈنگ نمبر 2، ایگرٹن روڈ، لاہور۔ فون: 042-99203863

### پی آئی اے کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 22010030

وائٹ آفسیٹ پیپر لوکل، سائز 23x36، 70 گرام، تعداد 100 ریم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 جنوری 2023ء

برائے رابطہ: کمرشل پرچیز سیکشن، سپلائی چین مینجمنٹ ڈپارٹمنٹ، پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن، ایئرپورٹ، کراچی۔

فون: 021-99045137

### کراچی انٹرمیڈیٹ بورڈ کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: BIE/AGL&N/638/2022

ڈپلیکیٹنگ پیپرز

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 جنوری 2023ء

برائے رابطہ: دفتر (پروکیورمنٹ ونگ) ایڈمنسٹریشن جنرل سیکشن، بختیاری یوتھ سینٹر، نارتھ ناظم آباد، کراچی۔

فون: 021-99260213-212-211

### نوابشاہ انٹر بورڈ کا پرنٹنگ و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: BISE/SBA/STORE/SBA/542

امتحانی میٹریل، آنسر اسکرپٹس اور اسٹیشنری کی پرنٹنگ آفس اسٹیشنری آئٹمز۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 18 جنوری 2023ء

برائے رابطہ: سیکریٹری، شہید بے نظیر آباد، نوابشاہ۔

فون: 0244-362525

### وومن یونیورسٹی لاہور کا پرنٹنگ و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: LCWU/2022-23/15

آنسر شیٹ، اسکرپٹ فائل اور لفافوں کی پرنٹنگ۔ اسٹیشنری آئٹمز۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 جنوری 2023ء

برائے رابطہ: پرچیز سیکشن، جیل روڈ، لاہور۔

فون: 042-99203801-09EXT:286/210



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# مقامی ودرآمدی آفسیٹ، آرٹ کارڈ و پیپر، کاربن لیس، اسٹیکر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے بھی مزید تیزی دیکھنے میں آئی اور 11 جنوری 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈو کارڈ، آرٹ کارڈ جاپان، آرٹ پیپر چائنا نیویا اور گلوس، آرٹ پیپر او جے آئی اور ایل ڈبلیوسی، کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو، امپریشن اسٹار اور امپریشن ڈاٹ، درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے، آفسیٹ جاپان کنماری، مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار، اسٹیکر پیپر ایکنا انڈونیشیا، لیبل ٹیک چائنا اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو ردوبدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئنز انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 385 روپے سے بڑھ کر 400 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ کارڈ جاپان تمام سائز تمام گرام، 395 روپے سے بڑھ کر 400 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 380 روپے سے بڑھ کر 395 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 380 روپے سے بڑھ کر 395 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ پیپر جاپان OJI تمام سائز تمام گرام، 375 روپے سے بڑھ کر 395 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ ایل ڈبلیوسی جاپان تمام سائز 60 گرام، 375 روپے سے بڑھ کر 395 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو 2000 انڈونیشیا، 17x24 سائز 3300 روپے سے بڑھ کر 3500 روپے، 18x23 سائز 3600 روپے سے بڑھ کر 4000 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا 24x34 سائز، 5500 روپے سے بڑھ کر 5800 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ امپریشن ڈاٹ چائنا 24x34 سائز، 5500 روپے سے بڑھ کر 5800 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 410 روپے سے بڑھ کر 420 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی آفسیٹ پیپر جاپان کنماری، 23x36 سائز، 70 گرام، 425 روپے سے بڑھ کر 430 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، تمام سائز 53 گرام، 210 روپے سے بڑھ کر 215 روپے، تمام سائز 60 گرام، 230 روپے سے کم ہوکر 225 روپے، تمام سائز 63 گرام، 210 روپے سے بڑھ کر 225 روپے، تمام سائز 68 گرام، 210 روپے سے بڑھ کر 225 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی سی براؤن 70 گرام، 940 روپے سے بڑھ کر 970 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 945 روپے سے بڑھ کر 975 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 1150 روپے سے بڑھ کر 1180 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 960 روپے سے بڑھ کر 1000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13۔70 گرام، 1240 روپے سے بڑھ کر 1250 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A-13.5۔ 70 گرام، 1340 روپے سے بڑھ کر 1350 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 940 روپے سے بڑھ کر 970 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 80 گرام، 1080 روپے سے بڑھ کر 1100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 910 روپے سے بڑھ کر 960 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر ویریٹیک انڈونیشیا 20x30 سائز الٹرا 4400 روپے سے کم ہو کر 4100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر ایکنا برانڈ، 20x30 سائز، 3900 روپے سے بڑھ کر 4000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 3350 روپے سے بڑھ کر 3400 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## انٹر بینک اور اوپن مارکیٹ میں روپے کے مقابلے ڈالر مزید مہنگا ہوگیا

کراچی (بزنس ڈیسک) انٹر بینک اور اوپن مارکیٹ میں روپے کے مقابلے ڈالر مہنگا ہوگیا۔ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کی رپورٹ کے مطابق منگل 10 جنوری 2023 کو انٹر بینک میں 20 پیسے کے اضافے سے ڈالر کی قیمت فروخت 227.80 روپے سے بڑھ کر 228 روپے ہوگئی اسی طرح اوپن مارکیٹ میں ڈالر 40 پیسے مہنگا ہوگیا جس سے ڈالر کی قیمت فروخت 236.60 روپے سے بڑھ کر 237 روپے پر جا پہنچی۔ فاریکس رپورٹ کے مطابق یورو کی قدر میں 1 روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس سے یورو کی قیمت فروخت 270 روپے سے بڑھ کر 271 روپے ہوگئی جبکہ برطانوی پونڈ کی قیمت فروخت 307 روپے پر برقرار رہی۔

## سوئٹزرلینڈ: مرکزی بینک کو 116 سال میں پہلی مرتبہ زبردست نقصان

کراچی (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) سوئٹزرلینڈ میں مرکزی بینک ”سوئس نیشنل بینک“ کو اپنی 116 / سالہ تاریخ میں پہلی مرتبہ گرتے شیئرز اور فکسڈ انکم مارکیٹس کی وجہ سے زبردست نقصان کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ شیئرز کی قیمت گرنے سے بینک اپنی مقامی حکومتوں کو منافع دینے میں ناکام رہے گا۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق، سوئس نیشنل بینک نے اپنے اعداد وشمار کا تجزیہ کرنے کے بعد ابتدائی رپورٹ میں بتایا ہے کہ 2022ء میں 143 / ارب ڈالرز (132 / ارب فرانک) کے خسارے کا سامنا رہا، یہ رقم سوئٹزرلینڈ کے تخمینے کے مطابق جی ڈی پی کا 18 / فیصد حصہ بنتا ہے۔ رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ 2015ء میں بھی مرکزی بینک کو نقصان ہوا تھا جو 25 / ارب ڈالرز تھا تاہم موجودہ نقصان گزشتہ نقصان کے مقابلے میں پانچ گنا زیادہ ہے۔ مجموعی طور پر ہونے والے نقصان کی وجہ عالمی سطح پر کرنسی کے نرخوں میں اتار چڑھاؤ بتایا گیا ہے کیونکہ عالمی سطح پر سوئس فرانک کو کمزور کرنے کیلئے ایک ارب ڈالرز مالیت کے شیئرز اور بانڈز خریدے گئے ہیں۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ایکسچینج کمپنیاں اوپن مارکیٹ ریٹ پر درآمدات کے لیے ایل سی کھولنے کے لیے تیار

کراچی (بزنس ڈیسک) ایکسچینج فرموں نے حکومت کو پیشکش کی کہ وہ درآمدات کے لیے لیٹر آف کریڈٹ (LCs) کھولنے کے لیے ادائیگی کرے کیونکہ بینک غیر ملکی ذخائر کی کمی کی وجہ سے ایسا کرنے سے ہچکچاتے ہیں۔ جنرل سیکرٹری ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن، ایم ظفر پراچہ نے ایک بیان میں کہا کہ بینکوں کی جانب سے لیٹر آف کریڈٹ کھولنے سے انکار کی وجہ سے متعدد شعبوں اور صنعتوں کو مسائل کا سامنا ہے۔ بحران کا نوٹس لیتے ہوئے، ایکسچینج کمپنیوں نے لوڈ شیئر کرنے کا فیصلہ کیا، جس طرح یہ فرمیں کریڈٹ کارڈ سیٹلمنٹ، تعلیم کے مقاصد اور بیرون ملک طبی علاج کے ساتھ ساتھ حج، عمرہ کے لیے ضروری امریکی ڈالر فراہم کر کے حکومت کی مدد کرنے کی پیشکش کرتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مذہبی زیارتیں، اور دیگر سفر۔ پراچہ نے کہا، "اگر حکومت اجازت دیتی ہے، تو ایکسچینج کمپنیاں زیر التواء ایل سیز کے لیے USD 50,000/- تک ادا کرنے اور قوم اور ملک کے خدشات کو دور کرنے کے لیے نئی ایل سی کھولنے کے لیے تیار ہیں۔" انہوں نے مزید کہا کہ اس سے ضروری اشیاء کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے گا اور حکومت کا بوجھ کم ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ اگلے مہینے میں 200-250 ملین ڈالر کی درآمدات (لیٹر آف کریڈٹ/LCs) کی مالی اعانت کر سکتے ہیں۔ تاہم، انہوں نے کہا کہ وہ انٹر بینک مارکیٹ میں روپے 227/$ کے مقابلے میں ...255/$ میں فنانسنگ کی پیشکش کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلیک مارکیٹ میں ریٹ 270 روپے سے زیادہ ہو گئے ہیں۔ پراچہ نے کہا کہ کھلی منڈی کے ذریعے LCs کی مالی اعانت غیر قانونی حوالا ہنڈی مارکیٹوں سے انتہائی ضروری زرمبادلہ کو کھلی قانونی منڈی کی طرف موڑنے میں مدد کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایکسچینج فرموں کی تجاویز پہلے ہی وزیر خزانہ اسحاق ڈار کو پہنچائی جا چکی ہیں۔ کرنسی ڈیلرز کی تجاویز ایسے وقت میں سامنے آئی ہیں جب ملک کم ہوتے ہوئے زرمبادلہ کے ذخائر سے پریشان ہے۔ اسٹیٹ بینک کے اعداد وشمار کے مطابق 30 دسمبر تک مرکزی بینک کے غیر ملکی ذخائر 245 ملین ڈالر کم ہو کر 6.5 بلین ڈالر رہ گئے۔ انٹر بینک اور اوپن مارکیٹ کا فرق بڑے پیمانے پر بڑھ گیا ہے کیونکہ کمرشل بینک مختلف درآمدی کنسائنمنٹس کے لیے لیٹر آف کریڈٹ کھولنے سے انکار کرتے ہیں، جب کہ ایکسچینج فرموں نے ابھی تک اپنے غیر تجارتی کلائنٹس کو بھی ڈالر جاری نہیں کیے ہیں۔ درآمد کنندگان ڈالر کی قحط کا سامنا کر رہے ہیں، ان کے کریڈٹ لیٹر یا تو انکار کر دیئے گئے یا کنسائنمنٹس بینکوں سے کلیئرنس نہ ہونے کی وجہ سے ہفتوں تک گودیوں میں بیٹھے رہے۔ یہ درآمد کنندگان پر ڈیمریج چارجز بھی عائد کرتا ہے، اس کے علاوہ ان کی لیکویڈیٹی کے مسائل مزید گہرے ہوتے ہیں۔ قبل ازیں، 6 جنوری کو خوردنی تیل کے درآمد کنندگان نے مرکزی بینک سے مداخلت کی درخواست کی تھی کیونکہ تجارتی بینکوں نے مرکزی بینک سے پیشگی اجازت کی شرط سے سیکٹر کو خارج کرنے کے باوجود انٹر بینک ریٹ پر کریڈٹ لیٹر جاری کرنے سے انکار کر دیا تھا۔

# 35 لاکھ تھری فیز میٹر والوں کا ٹیکس میں رجسٹرڈ نہ ہونا ایف بی آر کی کارکردگی پر سوال

لاہور (بزنس ڈیسک) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ پیشگی متنبہ کر چکے ہیں کہ موجودہ حالات میں ٹیکس کلیکشن کے اہداف پر نظر ثانی کرنا ہوگی اور ایف بی آر کی جانب سے ہدف میں 170 ارب روپے کی کمی کا اعلان سامنے آ چکا ہے، صدارتی آرڈیننس اور مختلف ناموں سے لیوی لگا کر عارضی طور پر ٹیکسز کی وصولی مسائل کا حل نہیں، جو سرکاری ادارے بلیک ہول کی شکل اختیار کر چکے ہیں انہیں پبلک پرائیویٹ کے جوائنٹ وینچر سے چلایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار ایسوسی ایشن کے صدر رانا منیر حسین اور جنرل سیکرٹری چودھری قمر الزمان نے ٹیکس بارز اور تاجروں کے نمائندہ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پاکستان ٹیکس بار کے نائب صدور طاہر محمود بٹ، عامر شہزاد، شہباز قادر۔ فنانس سیکرٹری رانا کاشف ولائت، سیکرٹری اطلاعات شکیل اے خان اور دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ڈالر نے ہماری معیشت کو جکڑا ہوا ہے اور بدقسمتی سے ہم ایسی کوئی پالیسی نہیں بنا سکے کہ پاکستان کا ہر چھ ماہ بعد اس مصیبت سے پالا نہ پڑے، حکومت معیشت کو چلانے کیلئے روایتی طریقوں پر عمل پیرا ہے، ڈالرز کیوں اسمگل اور ذخیرہ کر لئے جاتے ہیں، ریاست کے پاس ایسا نظام ہونا چاہیے کہ ایسے معاملات میں ملوث ہونے والوں کی فوری گرفت ہو سکے۔ حکومت موجودہ حالات میں وفاقی وصوبائی چیمبرز، ٹیکس بارز، ایسوسی ایشنز، صنعتکاروں، تاجروں، سرمایہ کاروں اور سول وعسکری قیادت کے مشاورتی سیشن کرے جس میں گھمبیر چیلنجز سے نمٹنے کے لئے حل تجویز کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ 35 لاکھ تھری فیز میٹر استعمال کرنے والوں کو ایف بی آر آج تک سیلز ٹیکس میں رجسٹرڈ نہیں کر سکا جو اس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، 45 لاکھ این ٹی این ہولڈرز کا گوشوارے جمع نہ کرانا بھی لمحہ فکریہ ہے، حکومت پہلے اپنے اداروں کو ٹھیک کرے اور ان کی استعداد بڑھائی جائے تاکہ وہ بھرپور ایکشن اور گرفت کر سکیں۔

## تاجر اتحاد رہنماؤں کی وسیم اختر سے ملاقات

